© rasailojaraid.com


# مدیر کے نام

عبد الرشید بھٹی ' کراچی

اجتماعی اجتہاد (اپریل ۹۶) پر مسلم اقلیت کے ملک سے قابل قدر مضمون آیا۔ جہاں مسلمانوں کی حکومتیں ہیں کسی قابل عمل اطمینان بخش طریق کار پر عمل شروع ہو جانا چاہئے۔ نئے مسائل پیدا ہونے کی رفتار بہت تیز ہے اجتہاد کو اس کا ساتھ دینا چاہئے۔

عنایت اللہ ' رحیم یار خاں

مغرب انسانی حقوق (اپریل ۹۶) کا چیمپین بنا ہوا ہے۔ بڑے اطمینان سے دہرے معیار برت رہا ہے۔ ہم اس کا پردہ ہی صحیح طور پر چاک کر دیں تو بڑی خدمت ہو گی۔ الجیریا اور مصر کے ظالم حکمرانوں کے لیے کوئی لفظ ملامت نہیں ہے۔ سربوں اور ہندوؤں کو بھی کھلی چھوٹ ہے۔

محمد طاہر ' حیاسیری ' دیر

چیچنیا کا سبق (اپریل ۸۲) دل میں جگہ کرتا ہے۔ مظلوموں کی داستان پیش کرنا قابل تحسین ہے۔ رشتوں میں تاخیر' سے مسئلہ کی نوعیت خوب اچھی طرح واضح ہو جاتی ہے۔

عبد الحی ابڑو ' اسلام آباد

جہاد کی پکار (اپریل ۹۶) بہت موثر و مدلل ہے۔ قرآن مجید کا عربی اردو لغت 'کتاب نما (اپریل ۹۶) میں علامہ سیوطی کی کتاب "الاتقان" کو قرآنی کتب لغت میں شمار کیا گیا ہے۔ یہ لغت نہیں 'علوم قرآن سے متعلق کتاب ہے۔ نیز امام راغب اصفہانی کی کتاب کا نام ''المفردات فی غریب القرآن'' ہے نہ کہ ''مفردات غرائب القرآن''۔

ایس - جے - شاھدی ' کراچی

حاجی کے نام' حاجی سے خطاب ہے لیکن اس میں آپ کی دلی کیفیات کا دریا موجزن ہے۔ دل کہتا ہے کہ اللہ آپ کو آیندہ سال قافلہ حجاج میں شریک سفر کرے گا۔

منیر احمد خلیلی ' ابو ظہبی

''حاجی کے نام'' واردات و کیفیات دل کا ایک پرتاثیر مرقع ہے۔ اس میں حاجی آپ کے ساتھ ساتھ اور آپ حاجی کے آگے سفر کرتے ہیں اور قاری دونوں کو رشک و عقیدت سے دیکھتا ہے۔

© rasailojaraid.com